مزید فیہ: اِسْتَغْفَرَ

اب ہم مزید فیہ میں اِسْتَغْفَرَ کے مختلف صیغے بنائیں گے (غَفَرَ ← اِسْتَغْفَرَ)۔ سامنے والے اِسْتَـ کو مختلف صیغوں میں ساتھ لے کر چلنا ہے۔ قرآن میں اس طرح کے افعال تقریبًا 400 بار آئے ہیں۔

- ماضی کی چابی: اِسْتَغْفَرَ۔ شروع میں ہمزہ وصلی ہے، اس لیے اگر اس سے پہلے کوئی حرف یا لفظ آئے تو وہ گرجاتا ہے، جیسے وَاسْتَغْفَرَ، الَّذِينَ اسْتَغْفَرُوْا
- مضارع کی چابی: يَسْتَغْفِرُ۔ ماضی بناتے وقت اِسْتَغْفَرَ کے شروع کا الف غائب ہوگیا۔
- امر کی چابی: اِسْتَغْفِرْ۔ ماضی کی چابی کے آخری حرف سے پہلے زیر لگایئے اور آخری حرف پر سکون لگایئے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُسْتَغْفِر، مُسْتَغْفَر

اِسْتَغْفَرَ: اس نے مغفرت مانگی (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضٍ		فعل مضارِع		فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
اِسْتَغْفَرَ	اس نے مغفرت مانگی	يَسْتَغْفِرُ	وہ مغفرت مانگتا ہے	اِسْتَغْفِرْ	مغفرت مانگ!
اِسْتَغْفَرُوْا	ان سب نے مغفرت مانگی	يَسْتَغْفِرُوْنَ	وہ سب مغفرت مانگتے ہیں	اِسْتَغْفِرُوْا	مغفرت مانگو!
اِسْتَغْفَرْتَ	آپ نے مغفرت مانگی	تَسْتَغْفِرُ	آپ مغفرت مانگتے ہیں	لَا تَسْتَغْفِرْ	مت مغفرت مانگ!
اِسْتَغْفَرْتُ	میں نے مغفرت مانگی	أَسْتَغْفِرُ	میں مغفرت مانگتا ہوں	لَا تَسْتَغْفِرُوْا	مت مغفرت مانگو!
اِسْتَغْفَرْتُمْ	آپ سب نے مغفرت مانگی	تَسْتَغْفِرُوْنَ	آپ سب مغفرت مانگتے ہیں	مُسْتَغْفِر	مغفرت مانگنے والا
اِسْتَغْفَرْنَا	ہم سب نے مغفرت مانگی	نَسْتَغْفِرُ	ہم سب مغفرت مانگتے ہیں	مُسْتَغْفَر	جس سے مغفرت مانگی گئی
اِسْتَغْفَرَتْ	اس عورت نے مغفرت مانگی	تَسْتَغْفِرُ	وہ مغفرت مانگتی ہے	اِسْتِغْفَار	مغفرت مانگنا

عربی بول چال

هَلْ يَسْتَغْفِرُ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ؟ — نَعَمْ، يَسْتَغْفِرُ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ.

هَلْ يَسْتَغْفِرُوْنَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ؟ — نَعَمْ، يَسْتَغْفِرُوْنَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ.

هَلْ تَسْتَغْفِرُ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ؟ — نَعَمْ، أَسْتَغْفِرُ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ.

هَلْ تَسْتَغْفِرُوْنَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ؟ — نَعَمْ، نَسْتَغْفِرُ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل ماضٍ: هَلِ اسْتَغْفَرُوْا مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ؟ — نَعَمْ، اِسْتَغْفَرُوْا مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ.
- فعل امر: اِسْتَغْفِرْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ! — أَسْتَغْفِرُ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتَ مُسْتَغْفِرٌ؟ — نَعَمْ، أَنَا مُسْتَغْفِرٌ.

اِسْتَغْفَرَ ہی کی طرح اِسْتَكْبَرَ (اس نے تکبر کیا) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔